نیوز ریلیز
سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

رابطہ: مارسیا اینگلارل
پبلک افیئرز آفیسر
فون: ۰۳۰۰۸۵۸۷۹۱۵

۲۴ جنوری ۲۰۱۲ء
برائے فوری اجراء
۲۰۱۲/۰۰۹

امریکہ کی خیبر پختونخوا کو صنعت اور سیاحت کے شعبوں کی حکمت عملی بنانے میں معاونت

پشاور (۲۴ جنوری ۲۰۱۲ء)___ خیبر پختونخوا ایوان صنعت و تجارت (کے پی سی سی آئی) نے آج صوبے کی ترقی کیلئے ایک نئی حکمت عملی پیش کی۔ امریکی اعانت سے تیار کی گئی اس حکمت عملی میں خیبر پختونخوا میں سیاحت اور صنعت جیسے شعبوں کی معاشی ترقی کیلئے قلیل اور طویل مدت کے منصوبے شامل ہیں۔ کے پی سی سی آئی کے صدر عفان عزیز نے کہا کہ ہم حکومت، غیر ملکی سرمایہ کاروں اور نجی شعبے کے درمیان روابط قائم کرنے اور ہم آہنگی پیدا کرنے میں مدد دینے پر امریکی عوام کے مشکور ہیں۔ اس تکنیکی اعانت سے خیبر پختونخوا ایوان صنعت و تجارت کو نظریاتی دستاویزات کی تیاری میں مدد ملی جنہیں تمام متعلقہ فریقوں نے قبول کر لیا ہے۔

یہ نظریاتی دستاویزات مستقبل میں ترقی اور خوشحالی کی راہ ہموار کرنے میں نجی شعبے کی شمولیت اور صوبائی وسائل، جیسا کہ سیاحتی مقامات اور پن بجلی جیسی توانائیوں، کو بروئے کار لانے کی وکالت کرتی ہے۔ یہ حکمت عملی حکومتی نمائندوں، نجی شعبے، کاروباری طبقے، سول سوسائٹی، مالیاتی شعبے، امداد فراہم کرنے والے اداروں اور اساتذہ کی مشاورت سے وضع کی گئی ہے۔

پاکستان میں امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یو ایس ایڈ) کے مشن ڈائریکٹر اینڈریو سیسن نے کہا کہ امریکہ کے عوام اور حکومت خطے میں خوشحالی اور ترقی لانے کیلئے کے پی سی سی آئی اور خیبر پختونخوا کے عوام کے ساتھ مل کر کام کرنے کیلئے پر عزم ہیں۔

امریکہ صوبے کی معاشی ترقی میں کاروباری طبقے کو رہنمائی فراہم کرنے کے لئے کے پی سی سی آئی کی کوششوں میں تعاون کر رہا ہے۔ امریکہ خیبر پختونخوا اور فاٹا کیلئے سرمایہ کاری کو فروغ دینے کیلئے کونسل تشکیل دینے کے سلسلہ میں مقامی حکام کی معاونت بھی کر رہا ہے جو خطے کی معاشی ترقی میں آگے آگے ہو گی۔

###